**19/07/2025**

**09.25 AM(5 min)**

**آداب**

**یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔**

**اب آپ اعجاز اختر سے خبریں سُنیے۔**

**ایل جی**

**لیفٹنٹ گورنرمنوج سنہا نے کہا ہے کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں جموں کشمیر تعلیم اور اختراع کا ایک بڑا مرکز بن کر ابھر ا ہے۔ انڈین انسٹی چیوٹ آف منیجمنٹ جموں کے پانچ روزہ اورینٹیشن پروگرام کی اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہاکہ ملک کی کاروباری اختراع اور وسائل کے انتظامات کا مستقبل کاروباری رہنماؤں اور آنے والے کل کے مفکرین کے کندھوں پر ہے ۔ انہوں نے کہاکہ سب کیلئے خوشحالی کو یقینی بنانا ہمار ا ہدف ہے۔**

**چیف سیکریٹری**

**انسٹی چیوٹ میں داخلہ پانے والے نئے بیچ سے خطاب کرتے ہوئے چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے طالب علموں پر زور دیا کہ ایک بہتر قوم کی تعمیر کیلئے وہ نہ صرف پیشہ ور بلکہ اقدار اور نظریے کے رہنما بنیں۔**

**ومل جی**

**بین الاقوامی باڈی بلڈر ومل جیت نے کل راج بھون جمونمیں لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا سے ملاقات کی ۔ ایل جی نے انہیں بھوٹان کے تھیمپو میں منعقدہ پندرویں مینز سوتھ ایشین باڈی بلڈنگ اینڈ فیزک سپورٹس چمپئن شپ میں سونے کا تمغہ جیتنے پر مبارکباد دیتے ہوئے ان کے بہتر مستقبل کے تئیں نیک خواہشات کا اظہار کیا ۔**

**نائب وزیراعلیٰ**

**نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری نے کہا ہے کہ حکومت جموں کشمیر کو سال بھر کیلئے ایک سیاحتی مقام بنانے کا اراداہ رکھتی ہے ۔ سرینگر میں منعقدہ کنفیڈریشن آف انڈین انڈسٹری کی سیاحت سے متعلق پہلی شمالی علاقائی کمیٹی کی میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے نائب وزیر اعلیٰ نے حکومت کے ان اقدامات کو اجا گر کیاجو جموں کشمیر کی سیاحت کو مزید فروغ دینے کے غرض سے اٹھا رہی ہے ۔**

سکل ڈیولپمنٹ

سرینگر میں سکل ڈیولپمنٹ محکمے کی طرف سے سکلنگ نظام میں مثبت تبدیلی لانے سے متعلق منعقدہ2روزہ قومی کانفرنس کے دوران ملک بھر سے تعلق رکھنے والے100سے زیادہ کلیدی شراکت داروں نے جمونو کشمیر میں ہنر مندی کو فروغ دینے سے متعلق منظم نقشہ راہ تیار کرنے پر غور و خوض کیا گیا۔

کانفرنس کے بارے میں سکل ڈیولپمنٹ محکمے جمونو کشمیر کے ڈائریکٹر شہزاد عالم نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔

یاترا

سالانہ شری امر ناتھ جی یاترا خوش اسلوبی کے ساتھ جاری ہے۔3جولائی کو یاترا شروع ہونے سے کل رات دیر گئے تک مجموعی طور 2لاکھ73ہزار سے زیادہ یاتریوننے پوتر گپھا میں شیو لنگم کے درشن کئے ہیں۔ ادھر جموں کے بھگوتی نگر بیس کیمپ سے آج سویرے6ہزار365یاتریوں کا ایک اور قافلہ وادی کی طر ف روانہ ہوا ۔

اس دوران ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس سوتھ کشمیر رینج کی صدارت میں پہلگام میں منعقدہ سکیورٹی میٹنگ میں جاری امر ناتھ جی یاترا کے حوالے سے سکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا گیا ۔

وفد

پرنسپل چیف کنزر ویٹر آف فارسٹس سُریش کمار گپتا کی قیادت میں آل انڈیا فارسٹ آفیسرس فیڈریشن کے ایک وفد نے کل جنگلات کے وزیر جاوید احمد رانا سے سول سیکریٹریٹ سرینگرمیں ملاقات کی ۔ جس دوران وفد نے 11ستمبر کوفارسٹ مارٹیرس ڈے کے سلسلے میں کئی امور وزیر کی نوٹس میں لائے ۔

وجے دیوس

کرگل وجے دیوس کے سلسلے میں کل جموں کے بلیدان ستمبھ سے مائی بھارت بائیکرس ایکسپڈشن جھنڈی دکھاکر کرگل کیلئے روانہ کی گئی۔ کرگل جنگ کے دوران آپریشن وجے کی کامیابی کا جشن منانے کیلئے منعقدہ اس بائیک ریلی میں شکتی اُدیوگ فاؤنڈیشن کی 24خواتین بائیکر شرکت کر رہی ہیں۔

پولیس

گاؤنمینمقبول گنائی نامی ڈرگ Mulashulla انٹی نارکوٹکس ٹاسک فورس نے کل بڈگام ضلع کے پیڈلر کو گرفتار کرکے اُس کے گھر سے فکی کی کافی مقدار ضبط کی۔

ادھر پولیس نے پلوامہ ضلع میں راولپورہ خانصاحب بڈگام کے عادل میر اور سمیر میر نامی دو بد نام بائیک چرانے والے افراد کو گرفتار کرکے ان سے چرائی گئی ایک بائیک بر آمد کی ۔

ٹھاکر

”دی ریذسٹنس فرنٹ“ TRF پر بھارتیہ جنتا پارٹی جمونکشمیر کے ترجمان الطاف ٹھاکر نے امریکہ کی پابندی اور اس سے ایک عالمی دہشت پسند تنظیم قرار دینے کا خیر مقدم کیا ہے۔ ایک پریس بیان میں انہوننے اس فیصلے کو وزیر اعظم نریندر مودی کی ڈپلومیٹک جیت اور سچائی کی فتح قرار دیا ہے۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت21 اعشاریہ 6 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 26 اعشاریہ 6ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت، خدا حافظ